# ریزروبینک آف انڈیا

www.rbi.org.in

آربی آئی 321/2015-2016

ڈی بی آر لیگل، بی سی 78/09.07.005/2015-2016

دی چیئرمین/ چیف ایگزیکیوٹوز

( آرآربی زکے علاوہ سبھی شیڈولڈ کمرشیل بینکیں )

محترم!

## لیگل گارجین شپ سرٹیفکٹس ( قانونی سرپرستی سرٹیفکٹ ) مینٹل ہیلتھ ( ذہنی نفسیاتی صحت مندی ایکٹ 1987

برائے مہربانی ہمارے سرکلر ڈی بی اوڈی نمبر لیگ، بی سی 84/09.07.005/2013-2014 مورخہ 13 جنوری، 2014 کا حوالہ لیں۔ جس میں بینکوں کو صلاح دی گئی تھی کہ وہ مینٹل ہیلتھ ایکٹ 1987 پر پوری توجہ دیں اور وہ با اختیار اتھارٹی کی طرف سے جاری ( اس ایکٹ کے تحت ) سرٹیفکٹ پر جس میں ایسے ذہنی ،نفسیاتی بیمار افراد کا سرپرست کی حیثیت تقرر پر پورا اعتماد کریں تا کہ وہ بینک اکاؤنٹ ان لوگوں کا کھول سکیں یا آپریٹ کریں۔

2. یہ ہمارے نوٹس ( اطلاع ملی ہے ) میں لایا گیا ہے کہ بینکیں سبھی ذہنی معذور لوگوں کی سرپرستی کا سرٹیفکٹ جمع کرنے پر زور دے رہی ہیں۔ اس معاملہ میں یہ وضاحت کی جاتی ہے کہ مندرجہ بالا سرکلر پیرا گراف ( iii )2 کا مقصد بینکوں کو یہ اختیار دینا نہیں ہے کہ وہ ہر شخص سے ( ایسے معذور شخص ) اپنا سرپرست مقرر کرنے پر زور دیں ''جو شخص کسی ذہنی پریشانی کی وجہ سے علاج کی ضرورت محسوس کر رہا ہو''۔ یہ بینکوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ سرپرست سے اس وقت ملاقات کے لئے جبکہ وہ خود اس سے یا جمع کئے گئے دستاویزوں کے ذریعہ مطمئن ہو جائیں کہ متعلقہ شخص ذہنی بیمار ہے اور بینک سے قانونی جائز سمجھوتہ میں شامل ہونے کے قابل ( اہل ) نہیں ہے۔

آپ کا مخلص

**راجندر کمار**

چیف جنرل منیجر

ڈپارٹمنٹ آف بینکنگ ریگولیشن، سینٹرل آفس، 12 ویں منزل، سینٹرل آفس بلڈنگ شہید بھگت سنگھ مارگ، ممبئی-400001

فون نمبر 912222661602 فیکس 912222705691 ای۔ میل آئی ڈی cgmicdbodco@org.in